پیغام قرآن کورس : Assignment # 20 (اکیسواں/بائیسواں پارہ)

نام : ____________ تاریخ : ____________ کل نمبر : 15

☆ خالی جگہ کو آیت کا نمبر لکھ کر پُر کیجئے :

اکیسواں پارہ

1) اہل کتاب سے عمدگی سے مجادلہ (بحث) کی تلقین کس آیت میں کی گئی ہے؟ ____

2) ہر نفس کو موت کا مزہ چکھنا ہے۔ کس آیت میں یہ بات بیان ہوئی ہے؟ ____

3) زبانوں اور رنگوں کا اختلاف بھی اللہ کی نشانیوں میں سے ہے۔ یہ بات کس آیت میں آئی ہے؟ ____

4) کوئی عمل رائی کے دانے کے برابر بھی ہوگا تو پیش کر دیا جائے گا۔ کس آیت میں یہ بات ذکر کی گئی ہے؟ ____

بائیسواں پارہ

5) کثرت سے اللہ کا ذکر کرنے کا تذکرہ کس آیت میں کیا گیا ہے؟ ____

6) نبی کریم ﷺ پر درود و سلام بھیجنے کا حکم کس آیت میں آیا ہے؟ ____

7) مال اور اولاد اللہ کے قرب کا ذریعہ نہیں ہیں۔ یہ بات کس آیت میں آئی ہے؟ ____

8) بندے فقیر اور اللہ غنی ہے۔ کس آیت میں یہ بات بیان ہوئی ہے؟ ____

☆ درست جواب پر نشان لگایئے :

	صحیح	غلط
اکیسواں پارہ		
9) اصل اہمیت کسی خطہ زمین کی نہیں بلکہ اللہ کی عبادت کی ہوتی ہے۔	☆	☆
10) ہدایت جہاد کرنے والوں کو ملتی ہے۔	☆	☆
11) والدین کے ساتھ حسن سلوک کا اتنا حکم ہے کہ ان کی ہر ہر بات کو مانا جائے۔	☆	☆
بائیسواں پارہ		
12) خواتین کو کسی بھی حال میں نامحرم سے گفتگو کی اجازت نہیں ہے۔	☆	☆
13) پردے کے احکامات نزول کے اعتبار سے پہلے سورۂ نور اور پھر سورۂ احزاب میں نازل ہوئے۔	☆	☆
14) اللہ کے رسول ﷺ کی شان میں گستاخی اللہ تعالیٰ کی شان میں گستاخی کے مترادف ہے۔	☆	☆
15) عزت کے لئے پاکیزہ کلمہ کی قبولیت اور اس کلمہ کی سربلندی کے لئے بھرپور جدوجہد ضروری ہے۔	☆	☆